© rasailojaraid.com



**تحفہ حیاتِ نو** | مدیر: مولوی نور محمد فلاحی ۔ پتہ: بلریا گنج ۔ اعظم گڑھ، ۲۷۶۱۲۱ (یو پی) ، انڈیا۔
سالانہ زرِ تعاون ۳۰/- روپے ۔ غیر ممالک سے ۱۵ امریکی ڈالر

مارچ اپریل ۲۰۰۹ء کا شمارہ بہت اچھے مضامین سے آراستہ ہے ۔ مثلاً حج بدل، اسلامی فقہ اور اس کے جدید تقاضے، ابو اسماعیل کا نثری سرمایہ، امام ابو حنیفہ اور آپ کی فقہ، دینی تعلیم کی ضرورت و اہمیت، ملک کی موجودہ صورتِ حال اور ہماری ذمہ داریاں، دینی مدارس اور ان کے مسائل (سیمینار) کے علاوہ اداریہ اور ایک تعلیمی کانفرنس کی رپورٹ ۔ یہ چند اہم مضامین ۔ ان کو پڑھ کر ہر آدمی یہ محسوس کرے گا کہ یہ بقامت کہتر مجلہ بقیمت بہتر ہے ۔ حجم و رعنائی کے لحاظ سے اس خاص شمارے کو دیکھیں تو ۱۰۴ صفحات میں ۱۵ عنوانات پر مواد مطالعہ دیا گیا ہے ۔ یہ کانفرنس نمبر ہے

---

**ماہنامہ ندائے کسان** | بادارت چوہدری کمال سالار پوری و چوہدری امداد علی صاحبان ۔ پتہ: منصورہ ملتان روڈ، لاہور ۔ قیمت فی شمارہ ۲/- روپے ۔ سالانہ ۳۰/- روپے۔

ندائے کسان ایک ایسا ماہنامہ ہے جس میں زراعت کے مسائل اور کسانوں کی مشکلات بیان ہوتی ہیں ۔ یہ شمارہ (جولائی) باجوہ نمبر ہے جس میں متعدد مضامین چوہدری محمد اشرف باجوہ مرحوم کی شخصیت اور کاموں کے متعلق درج ہے ۔ یہ نمبر چوہدری صاحب کے جاننے والوں کے لیے خصوصی اہمیت رکھتا ہے ۔

---

**خصائصِ اہلِ سنت** | از حافظ مہر محمد میانوالی ۔ ناشر: مکتبہ عثمانیہ، نور باوا نمبر ۱، گوجرانوالہ

اِس پمفلٹ میں یہ صحیح عقیدہ سمجھایا گیا ہے کہ آپ ﷺ کی آل اور اصحاب رضی اللہ عنہم تمام لوگوں سے افضل ہیں ۔ آپ ﷺ کی ازواجِ مطہرات، اہلِ بیت نبوت، تمام مومنین کی مائیں واجب الاحترام ہیں ۔ آپ ﷺ کے خلفائے راشدین سرمایۂ ایمان ہیں، صحابہ کرام دین کے ستون، اس کے راوی اور مبلغ ہیں ۔ پس مقامِ مصطفےٰ ﷺ کا تقاضا یہ ہے کہ ہم حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا خاصۂ نبوت یا کوئی وصف بعد کے کسی بزرگ کے لیے تسلیم نہ کریں ۔

---

© rasailojaraid.com